رسول اللہ ﷺ ایک صبح باہر نکلے، آپ ﷺ پر ایک چادر تھی جس پر سیاہ بال سے کجاوؤں کے نقش بنے ہوئے تھے

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک صبح باہر نکلے، آپ ﷺ پر ایک چادر تھی جس پر سیاہ بال سے کجاوؤں کے نقش بنے ہوئے تھے
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

اُمُّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے لباس سے متعلق بعض احوال کو بیان کر رہی ہیں کہ آپ ﷺ دن کے ابتدائی حصے میں باہر اپنے صحابہ کے پاس تشریف لے گئے اور آپ ﷺ پر ایک چادر تھی جس میں سیاہ اون سے اونٹ کے کجاوؤں کے نقش بنے ہوئے تھے یا پھر وہ ایک ایسی چادر تھی جس میں ایسی لکیریں تھیں جیسی کجاوے میں ہوتی ہیں۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4293